مطبوعات

ISLAM AND THE WORLD | تالیف : مولانا ابوالحسن صاحب ندوی۔ مترجم: ڈاکٹر آصف علی قدوائی۔ شائع کردہ : اکادمی آف اسلامک ریسرچ اینڈ پبلیکیشنز ۶۵۔ ریلوے روڈ لاہور۔ ملنے کا پتہ : التقادہ ۱۳، ایمپریس روڈ، لاہور ۵۔ قیمت ۴ روپے صفحات ۱۹۴۔

زیر تبصرہ کتاب فاضل مصنف کی مشہور تصنیف ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین کا انگریزی ترجمہ ہے۔ یہ کتاب سب سے پہلے ۱۹۵۰ء میں مصر سے شائع ہوئی اور اس کا دنیائے عرب میں بہت زیادہ خیر مقدم کیا گیا۔ اس کے بعد مولانا محترم نے کتاب کی افادیت کے پیش نظر اسے خود ہی نہایت سلیقے کے ساتھ اردو کے سانچے میں ڈھالا۔ اس فاضلانہ تصنیف کے عربی اور اردو میں متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں اور اب ڈاکٹر آصف علی قدوائی صاحب نے اس کا انگریزی میں ترجمہ کرکے اس کی افادیت کا حلقہ اور بھی وسیع کر دیا ہے۔ اس دور میں جب کہ مغربی علوم و فنون نے نئے انداز کی جہالت اور مادی تہذیب نے نئی قسم کی وحشت اور جدید ترقی نے ایک ایسی روشنی پھیلا رکھی ہے جس میں جہنم کی آنچوں کا اثر ہے، یہ کتاب نہایت مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ کتاب کا ترجمہ شستہ اور رواں ہے۔ اور معیار طباعت نہایت عمدہ ہے۔ ہم اس فاضلانہ تصنیف کے مطالعہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔

حیات امام احمد بن حنبلؒ | تالیف : محمد ابو زہرہ، پروفیسر لاکالج، فوادیونیورسٹی، مصر ترجمہ: جناب سید رئیس احمد جعفری۔ ناشر: المکتبۃ السلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور و المکتبۃ الرحمانیہ، ۱۲۰- اے شاہ عالم مارکیٹ۔ قیمت دس روپے۔ صفحات ۵۰۴

امام احمد بن حنبلؒ امت کی مقبول ترین ہستیوں میں سے ہیں۔ رجال و سیر کی وہ تمام کتب جو رواۃ حدیث، محدثین کرام اور فقہائے امت سے بحث کرتی ہیں ان سب میں